## سوال

(106)کیا عورت مسجد میں نماز پڑھ سکتی ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایسی نوجوان پردہ نشین عورت جس نے شرعی لباس زیب تن کررکھا ہواور چہرے اورہاتھوں کے سوا سارے جسم کولباس سے چھپارکھا ہو،کیا اس کے لئے تمام نمازیں مسجد میں اداکرنا جائز ہے ؟کیا وہ اپنے شوہر کے ساتھ تمام نمازوں کے لئے مسجد میں جا سکتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب عورت نے شرعی حجاب اختیار کررکھا ہو،اپنے چہرے اورہاتھوں کو بھی چھپارکھا ہو،خوشبواورزیب وزینت کے اظہار سے اجتناب کیا ہوتو اس کے لئے مسجد میں نمازاداکرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ''اللہ کی بندیوں کواللہ کے گھروں سے منع نہ کرو۔ ''لیکن عورت کے لئے اپنے گھر میں نمازاداکرنا افضل ہے کیونکہ حدیث مذکورکے آخرمیں یہ الفاظ بھی ہیں ''اوران کے گھران کے لئے بہتر ہیں۔''

[فتاویٰ ابن باز]